## سوال

تراویح کے متعلق سوال

## جواب

نماز تراویح کی شرعی حیثیت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا نماز تراویح فرض اور ضروری ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نماز تراویح ایک نفلی عبادت ہے ، اوراس کے بے شمار فضائل ہیں ۔ یہ فرض اورواجب نہیں ہے ۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا : "من قامہ ایمانا واحتسابا غفرلہ ماتقدم من ذنبہ "(بخاری : 2008) جو شخص بھی اس ( رمضان ) میں ایمان اوراجرو ثواب کی نیت کے ساتھ ( رات میں ) نماز کے لیے کھڑا ہواس کے پہلے تمام گناہ معاف کردیئے جائیں گے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث